## سوال

پانی میں پاک شئے گر کر رنگ ، بو یا مزا کا بدلنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پانی میں پاک شئے پڑجائے اور اس کا رنگ ، بو یا مزہ بدل جائے کیا اس پانی سے غسل و وضوء ہو سکتا ہے ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پانی میں پاک شئے پڑنے سے بعض دفعہ اس کا نام اور ہو جاتا ہے ۔ مثلا شربت یا عرق یا لسی وغیرہ تو اس سے وضوء اور غسل نہیں ہوگا ۔ ہاں اگر پانی کا نام نہ بدلے جیسے کنوئیں میں پتے گرنے سے رنگ ، بو یا مزا بدل جاتا ہے مگر اس کا نام پانی ہی رہتا ہے ۔ دوسرا نام اس پر نہیں بولا جاتا ۔ اس لیے اس سے وضوء غسل وغیرہ بالاتفاق درست ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اہلحدیث**

**کتاب الطہارت ٗ پانی کا بیان، ج1ص235**